هٰذا کتابنا ینطق علیکم بالحق

کتاب مستطاب ہدایت نصاب مونس

تنخ و شاب مدلل بدلائل سنت و کتاب

المسمّٰی بہ

کلیدِ مناظرہ معہ اضافہ

مصنفہ

سید برکت علی شاہ (گوشہ نشین)

پبلشر

منیجر کتب خانہ حسینیہ

حلقہ ۵۲ موچی گیٹ لاہور

محلہ شیعان

۷۸۶

إِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِينَ مُنتَقِمُونَ

کتاب مستطاب ہدایت نصاب مونس شیخ و شاب مدلل بدلائل سنت و کتاب

المسمّٰی بہ

کلیدِ مناظرہ

معہ اضافہ

مؤلفہ

مولانا مولوی سید برکت علی شاہ صاحب (گوشہ نشین) وزیرآبادی پنجاب

مصححہ

مولانا مولوی ابوالصفا حاجی مرزا احمد علی صاحب عنا رئیس المناظرین
الامرتسری الکربلائی

حسب فرمائش

منیجر کتبخانہ حسینیہ حلقہ نمبر ۵۲ محلہ شیعاں لاہور

۱۹۵۶ء

ہم تو خدا اور رسولؐ کے احکام کے مطابق حضرت علیؑ کو ولی اللہ اور وصی رسول کہتے ہیں مگر سنی لوگ بتائیں کہ کس حدیث کی بنا پر انہوں نے صبح کی اذان میں "الصلوٰۃ خیر من النوم" بڑھا دیا ہے اور سینکڑوں دیگر بدعات رائج کر دی ہیں۔

فضائل شیعیان جناب امیر علیہ السلام

در منثور علامہ سیوطی اور کنوز الحقائق امام مناوی میں ہے کہ شیعیان علی قیامت کے دن بلند درجوں پر فائز ہوں گے۔

صواعق محرقہ ابن حجر مکی صفحہ ۹۶ پر ہے کہ حضرت ابن عباس نے فرمایا۔ کہ جب آیہ مبارکہ "ان الذین امنوا وعملوا الصلحات اولئک ھم خیر البریہ" کا نزول تھا۔ تو آنحضرت نے فرمایا کہ اے علیؑ وہ تم اور تمہارے شیعہ ہیں جو بروز قیامت راضی و مرضی آئیں گے! اور تمہارے دشمنوں پر خدا کا غضب ہوگا۔ اور ان کی گردنوں میں طوق اور سلاسل ہونگے۔

صواعق محرقہ صفحہ ۹۶ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے جناب امیر علیہ السلام سے فرمایا۔ کہ تم اس پر راضی نہیں ہو کہ ہمارے ساتھ جنت میں رہو اور حسنؑ اور حسینؑ بعد ہماری ذریت ہمارے پیچھے ہو۔ یعنی ہماری پشت کی جانب ہمارے پیچھے بیٹھی ہو اور ہمارے شیعہ ہمارے دائیں بائیں (اطراف میں) ہوں۔ اے علیؑ تم اور تمہارے شیعہ اور اصحاب جنت میں ہوں گے۔

کتاب علامہ ابن مردویہ میں ہے کہ زردان نے حضرت علی علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ سورہ اعراف آیہ نمبر ۱۸۰ "ومن خلقنا امۃ یھدون بالحق وبہ یعدلون" سے مراد میں اور میرے شیعہ ہیں۔

پنجاب کی مردم شماری ۱۹۲۴ء میں اسلام کے فرقوں کی حسب ذیل تعداد شائع ہوئی ہے۔

شیعہ	۱۰۵۶۶۲۶
اہل حدیث	۶۰۳۲۷
احمدی	۲۸۸۱۶
اہل قرآن	۳۲۶

صوبہ سرحد کی شیعہ آبادی بہ لحاظ مردم شماری ۱۹۲۱ء حسب ذیل ہے لیکن اب ایک لاکھ سے زیادہ ہے

ہزارہ	۳۷۶
پشاور	۶۹۷۵